# سمال انڈسٹریز ڈویلپمنٹ بورڈ (ایس آئی ڈی بی)

## نوٹس برائے نیلامی کار/موٹر سائیکل پارکنگ نزد نصیراللہ بابر ہسپتال سمال انڈسٹریز اسٹیٹ کوہاٹ روڈ پشاور

سمال انڈسٹریز ڈویلپمنٹ بورڈ عرصہ ایک سال (قابلِ توسیع برائے 3 سال) بذریعہ کھلی بولی برائے کار/موٹر سائیکل پارکنگ نزد نصیراللہ بابر ہسپتال سمال انڈسٹریز اسٹیٹ کوہاٹ روڈ پشاور کو ٹھیکے پر دینا چاہتی ہے۔ نیلامی میں حصہ لینے کیلئے مختص شدہ زرِ ضمانت کال ڈیپازٹ/بینک ڈرافٹ (جس کی تفصیل درج ذیل ہے) بنام منیجنگ ڈائریکٹر سمال انڈسٹریز ڈویلپمنٹ بورڈ، نیلامی سے ایک دن قبل جمع کرانا ہوگا۔ نیلامی بمقام دفتر سمال انڈسٹریز ڈویلپمنٹ بورڈ، کوہاٹ روڈ پشاور بروز جمعرات مورخہ 2026-09-17 وقت 11:00 بجے منعقد ہوگی۔ اشتہار بذریعہ محکمہ سمال انڈسٹریز ڈویلپمنٹ بورڈ کی ویب سائٹ (www.kpsidb.gov.pk) سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

2- سرکاری بولی و کال ڈیپازٹ درج ذیل ہوگی۔

| سیریل نمبر | تفصیل | زرِ ضمانت | بولی کا آغاز |
|---|---|---|---|
| 1 | کار/موٹر سائیکل پارکنگ نزد نصیراللہ بابر ہسپتال سمال انڈسٹریز اسٹیٹ کوہاٹ روڈ پشاور | 1,925,000 | 7,700,000 |

**چیدہ شرائط:**

1- نیلامی میں حصہ لینے کیلئے ہر وہ شخص اہل ہوگا جو کسی پبلک یا پرائیویٹ ادارے کے ساتھ پارکنگ سروسز میں کم از کم ایک سال کا تجربہ رکھتا ہو، اور علاوہ ازیں کسی بھی متعلقہ ادارے کی بلیک لسٹ یا نادہندہ فہرست میں شامل نہ ہو اور نہ ہی کسی عدالتی مقدمے میں ملوث ہو۔ درخواست کے ساتھ مندرجہ بالا زرِ ضمانت، بطور قومی شناختی کارڈ کی نقل، منیجنگ ڈائریکٹر ایس آئی ڈی بی کے نام جمع کرانا لازمی ہوگا۔ بصورتِ دیگر نیلامی میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔

2- نیلامی/کھلی بولی میں حصہ لینے کے خواہشمند بولی دہندگان درخواست فارم بمعہ پارکنگ نقشہ/تفصیلی شرائط و ضوابط، دفتری اوقاتِ کار میں منیجنگ ڈائریکٹر ایس آئی ڈی بی کے دفتر سے 5,000 روپے (ناقابلِ واپسی) کی ادائیگی پر حاصل کر سکتے ہیں۔

3- ٹھیکے کی میعاد ایک سال ہوگی، جسے کارکردگی کی بنیاد پر مزید تین سال کے لیے توسیع دی جائے گی۔ تاہم مذکورہ توسیع کی صورت میں ٹھیکے کی رقم میں ہر سال گزشتہ سال کی رقم پر 10٪ سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔ اور توسیع کی میعاد ختم ہونے کے بعد بلا کسی عذر یا حیل و حجت کے پارکنگ کا قبضہ ایس آئی ڈی بی کے حوالے کرنے کا پابند ہوگا۔

4- کامیاب بولی دہندہ سات دن کے اندر اندر بولی کی رقم کی پہلی ماہانہ قسط، بمعہ کل بولی کی رقم پر لاگو 10٪ ایف بی آر ٹیکس، جمع کرانے کا پابند ہوگا، جبکہ بقیہ رقم مساوی ماہانہ اقساط کی صورت میں ادا کی جائے گی۔ مقررہ مدت میں رقم جمع نہ کرانے کی صورت میں بولی منسوخ تصور ہوگی اور جمع شدہ رقم ایس آئی ڈی بی کے حق میں ضبط کر لی جائے گی۔

5- کامیاب بولی دہندہ مطلوبہ مالیت کے اسٹامپ پیپر پر ایس آئی ڈی بی کے ساتھ معاہدہ (Contract) کرنے کا پابند ہوگا، جس کے بعد ہی متعلقہ پارکنگ اس کے حوالے کی جائے گی اور وہ فیس وصولی کا مجاز ہوگا۔ معاہدے کی مکمل شرائط و ضوابط بولی کی درخواست کے دستاویزات میں موجود ہیں۔

6- پارکنگ کے لیے مختص علاقے کا خاکہ/نقشہ درخواست کے دستاویزات/تفصیلی شرائط و ضوابط کے ساتھ منسلک ہوگا۔ فیس مندرجہ ذیل ہوگی:

| | | |
|---|---|---|
| الف | سائیکل | 20 روپے |
| ب | موٹر سائیکل/اسکوٹر/رکشہ | 50 روپے |
| ج | موٹر کار/جیپ وغیرہ | 100 روپے |
| د | مکمل دن/مکمل رات | 200 روپے |

CamScanner

7۔ مذکورہ فیس سے زائد وصولی کی اجازت نہ ہوگی۔ بصورتِ شکایات محکمہ ٹھیکہ منسوخ کر سکتا ہے۔ نیلامی کی حتمی منظوری کا اختیار منیجنگ ڈائریکٹر ایس آئی ڈی بی کو حاصل ہوگا. نیز مجاز اتھارٹی کسی بھی معقول وجہ کی بنا پر کوئی بھی بولی منظور یا نامنظور کرنے. نیلامی ملتوی کرنے. یا مکمل نیلامی منسوخ کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

8۔ مزید تفصیلات اور شرائط و ضوابط دفتری اوقاتِ کار میں اسٹیٹ آفس. سمال انڈسٹریز ڈویلپمنٹ بورڈ سے براہِ راست ملاقات کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

منیجنگ ڈائریکٹر

سمال انڈسٹریز ڈویلپمنٹ بورڈ

CamScanner